5266- کیا نماز عید کے لیے جانے والے کے لیے عیدگاہ میں تحیۃ المسجد ادا کرنا جائز ہے ؟

سوال

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عیدین کے لیے عیدگاہ تشریف لے گئے اور آپ کے ساتھ مرد اور عورتیں بھی تھے، اور آپ کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین بھی نماز عید عیدگاہ میں ادا کرتے رہے۔
تو کیا نماز عید کے لیے عیدگاہ جانے والے کے لیے عیدگاہ میں تحیۃ المسجد کی دو رکعت ادا کرنی جائز ہیں یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

عیدگاہ میں جانے والا شخص بیٹھنے سے قبل تحیۃ المسجد کی دو رکعتیں ادا نہیں کرے گا؛ کیونکہ عیدگاہ میں تحیۃ المسجد کی دو رکعتیں ادا کرنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے عمل کے مخالف ہے۔

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔